## قانونی معلومات اور رہنمائی

(International Protection) بین الاقوامی تحفظ کے طریقۂ کار کے دوران مفت قانونی معلومات اور رہنمائی آپ حاصل کر سکتے ہیں۔ اس میں آپ کی درخواست جمع کروانے میں مدد بھی شامل ہے۔

قانونی معلومات اور رہنمائی کا مطلب ہے کہ آپ درج ذیل امور کے بارے میں وضاحت حاصل کر سکتے ہیں:

- آپ کے حقوق اور ذمہ داریاں
- مختلف طریقۂ کار
- قانونی معاملات۔

قانونی معلومات اور رہنمائی **Citywest Convention Centre** میں **Legal Aid Board** کے ذریعے دستیاب ہے۔

## قانونی معلومات اور رہنمائی کیا ہے؟

قانونی معلومات اور رہنمائی میں آپ کی درخواست اور بین الاقوامی تحفظ کے طریقۂ کار کے مراحل سے متعلق رہنمائی، معلومات اور معاونت شامل ہے۔ اس میں **قانونی مشورہ** شامل نہیں ہے۔

آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ:

- قانونی معلومات اور رہنمائی فراہم کرنے والے اہلکار آپ کو کسی مخصوص طریقۂ کار یا اقدام کی سفارش نہیں کریں گے۔
- قانونی معلومات اور رہنمائی فراہم کرنے والے اہلکار آپ کی درخواست کے بارے میں کوئی رائے قائم نہیں کریں گے۔
- قانونی معلومات اور رہنمائی فراہم کرنے والے اہلکاروں کو آپ کی فائل تک رسائی حاصل نہیں ہوتی اور وہ آپ کے معاملے سے متعلق مخصوص تفصیلات حاصل نہیں کریں گے۔

قانونی معلومات اور رہنمائی، قانونی نمائندگی سے الگ خدمت ہے اور اس وقت ختم ہو جاتی ہے جب آپ کو مشورہ دینے اور آپ کی نمائندگی کرنے کے لیے ایک وکیل مقرر کر دیا جاتا ہے۔

یہ خدمت قانونی معلومات اور رہنمائی فراہم کرنے والے اہلکار فراہم کرتے ہیں جو وکیل نہیں ہوتے۔ **قانونی مشورہ** اور **قانونی نمائندگی** (جنہیں **مفت قانونی معاونت** بھی کہا جاتا ہے) وکلا فراہم کرتے ہیں، جب آپ مفت قانونی معاونت کے لیے درخواست دیتے ہیں۔

آپ کو جلد از جلد **Legal Aid Board** کو قانونی مشورے اور نمائندگی کے لیے درخواست دینی چاہیے۔ آپ **Citywest Convention Centre** میں **Legal Aid Board Citywest Counselling Service** کے ذریعے یا ہمارے تین قانونی مراکز میں سے کسی ایک پر مفت قانونی معاونت کے لیے درخواست دے سکتے ہیں:

(1) Dublin (Smithfield)
(2) Cork (Pope's Quay)
(3) Galway (Woodquay)

قانونی معلومات اور رہنمائی حاصل کرنا آپ کی اپنی ذمہ داری ہے۔

## قانونی معلومات اور رہنمائی کے مراحل

قانونی معلومات اور رہنمائی آپ کے لیے دو مراحل میں دستیاب ہے۔

**پہلا مرحلہ:**

**ویڈیو کے ذریعے قانونی معلومات اور رہنمائی .1**

اس میں وضاحت کی جاتی ہے کہ قانونی معلومات اور رہنمائی کیا ہے اور ہر اس طریقۂ کار کا جائزہ فراہم کیا جاتا ہے جو بین الاقوامی تحفظ کے لیے آپ کی درخواست پر لاگو ہو سکتا ہے۔

جیسے جیسے آپ کی بین الاقوامی تحفظ کی درخواست کا عمل آگے بڑھتا ہے، آپ کو ان ویڈیوز کو دوبارہ دیکھنا چاہیے جو اس طریقۂ کار یا طریقۂ کاروں کی وضاحت کرتی ہیں جنہیں IPO آپ کی درخواست پر لاگو کرنے کا فیصلہ کرتا ہے۔

کے **LAB Citywest Legal Counselling Service** کوڈ کا استعمال کرتے ہوئے، QR آپ ذیل میں دیے گئے استقبالیہ ڈیسک پر جا کر، یا آن لائن درج ذیل ویب سائٹ کے ذریعے قانونی معلومات اور رہنمائی کے لیے رجسٹر کر سکتے ہیں:

https://internationalprotection.legalaidboard.ie/

*(QR کوڈ)*

**دوسرا مرحلہ:**

**معلوماتی نشستیں .2**

میں مخصوص جگہ **Citywest** معلوماتی نشستیں ہر روز (پیر سے جمعہ، صبح 10 بجے سے شام 4 بجے تک) پر منعقد کی جائیں گی، جہاں آپ کو سوالات پوچھنے اور مزید وضاحت حاصل کرنے کا موقع ملے گا۔

ان معلوماتی نشستوں میں قانونی معاون عملہ، ترجمے کی خدمات کے ساتھ، موجود ہوگا تاکہ آپ کے سوالات کے جواب دے سکے اور آپ کو مدد فراہم کر سکے۔

معلوماتی نشستوں میں شرکت کرنا لازمی نہیں ہے، لیکن آپ کو شرکت کرنے کی ترغیب دی جاتی ہے تاکہ آپ طریقۂ کار، اپنے حقوق اور اپنی ذمہ داریوں کو بہتر طور پر سمجھ سکیں۔

کوڈ کے ذریعے یا QR آپ معلوماتی نشستوں کا شیڈول، جسے ہر ہفتے اپ ڈیٹ کیا جائے گا، ذیل میں دیے گئے درج ذیل ویب سائٹ پر جا کر حاصل کر سکتے ہیں:

https://internationalprotection.legalaidboard.ie/

*(QR کوڈ)*

## قانونی مشورہ اور قانونی نمائندگی

قانونی مشورہ اور قانونی نمائندگی (جنہیں **مفت قانونی معاونت** بھی کہا جاتا ہے) وکلا فراہم کرتے ہیں۔

آپ کو جلد از جلد مفت قانونی معاونت کے لیے درخواست دینی چاہیے تاکہ آپ قانونی مشورہ اور نمائندگی حاصل کر سکیں۔

آپ **Citywest Convention Centre** میں **Legal Aid Board Citywest Counselling Service** کے ذریعے یا ہمارے تین قانونی مراکز میں سے کسی ایک پر مفت قانونی معاونت کے لیے درخواست دے سکتے ہیں:

(1) Dublin (Smithfield)

(2) Cork (Pope's Quay)

(3) Galway (Woodquay)